اور دشمنانِ ملک وملت پھریوں دندناتے نہیں پھریں گے، ہر ایک کو اس کا انصاف جلد ملے گا، اللہ کا قانون سب کے لیے کافی وشافی ہوگا! —— اس دنیا میں تمہیں سر دردی سے نجات ملے گی اور آخرت میں تمہارا بھلا ہوگا —— وما علینا الا البلاغ!

(اکرام اللہ ساجد)

شعر و ادب

جناب فضل روپڑی

وہ اپنے بندوں پہ ہے کس قدر کریم و شفیق!

بشر ہے خالقِ عالم کی اک حسین تخلیق
نہیں یقین جسے ہے وہ کافر و زندیق
وہ اپنے بندوں پہ ہے کس قدر کریم و شفیق!
یہ کرتی رہتی ہے قدرت ہی خود بخود تصدیق
عطا کی عقل و خرد بھی اسی نے ہے سب کو
سکھائے اس نے ہی بندوں کو زندگی کے طریق
ہے اس کا فیض ہمیشہ ہی جاری و ساری
نہیں ہے مسلم و کافر کی کچھ وہاں تفریق
ہر ایک شکل جدا، رنگ اور نسل جدا
کمال یہ ہے، نہیں ہے ذرا سی بھی تطبیق
ہے نام جس کا خدا، بے نیاز ہے سب سے
نہیں ہے کوئی بھی اس کا شریک یا تحقیق